10 جون 2026ء

کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز برائے مئی 2026ء

- مئی 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں 4.3 ارب امریکی ڈالر کی آمد ہوئی۔
- نمو کے لحاظ سے ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ بنیادوں پر 20.2 فیصد اور سال بسال بنیادوں پر 15.4 فیصد اضافہ ہوا۔
- مجموعی طور پر جولائی تا مئی مالی سال 26ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر 9.2 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 38.1 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 34.9 ارب ڈالر موصول ہوئے تھے۔
- مئی 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کا بڑا حصہ سعودی عرب (1,025 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (1,006.6 ملین ڈالر)، برطانیہ (645.5 ملین ڈالر) اور امریکہ (349.8 ملین ڈالر) سے موصول ہوا۔

****